## قائد تحریک الطاف حسین کے خلاف مقدمہ قائم کرنے کی بات کرنے سے قبل لارڈ نذیر احمد کو اپنے بارے میں غور ضرور کرنا چاہیے۔ڈاکٹر فاروق ستار

## عوام کو اچھی طرح یاد ہے کہ لارڈ نذیر احمد کو خود گزشتہ دنوں برطانوی عدالت سے قید کی سزا ہو چکی ہے

## قائد تحریک الطاف حسین کے خلاف مقدمہ کی بات سے لارڈ نذیر کو سستی شہرت تو حاصل ہو سکتی ہے مگر ناپاک عزائم میں کامیابی نہیں ہو سکتی

## لارڈ نذیر جیسے لوگ ہی اپنی نفرت انگیز سیاست اور بداعمالیوں کی وجہ سے یورپی ممالک میں پاکستان کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں

کراچی ۔۔۔9 اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بارے میں برطانوی رکن پارلیمنٹ لارڈ نذیر احمد کے شرانگیز بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ لارڈ نذیر احمد کی جانب سے ایم کیو ایم اور قائد تحریک الطاف حسین کے بارے میں مسلسل نفرت انگیز بیانات اور بیجا مخالفت سمجھ سے بالاتر ہے۔اپنے بیان میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے خلاف متعصّبانہ بیان دینے اور مقدمہ قائم کرنے کی بات کرنے سے قبل لارڈ نذیر احمد کو اپنے بارے میں غور ضرور کرنا چاہیے کیونکہ عوام کی یادداشت کمزور نہیں، عوام کو اچھی طرح یاد ہے کہ لارڈ نذیر احمد کو خود گزشتہ دنوں برطانوی عدالت سے قید کی سزا ہو چکی ہے ۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے خلاف بیان بازی کر کے اوران کے خلاف مقدمہ کی بات کر کے لارڈ نذیر احمد کو سستی شہرت تو حاصل ہو سکتی ہے مگر انہیں اپنے ناپاک اور مکروہ عزائم میں کوئی کامیابی نہیں ہو سکتی بلکہ جس طرح لارڈ نذیر احمد جیسی متعصّبانہ ذہنیت رکھنے والے افراد کو ماضی میں ذلت ورسوائی کا سامنا کرنا پڑا تھا اسی طرح کی صورتحال کا لارڈ نذیر احمد کو بھی سامنا ہو گا۔انہوں نے کہا کہ لارڈ نذیر احمد جیسے لوگ ہی اپنی نفرت انگیز سیاست اور بداعمالیوں کی وجہ سے برطانیہ اور دیگر یورپی ممالک میں پاکستان کی بدنامی اور رسوائی کا سبب بن رہے ہیں۔

## جماعت اسلامی کی منافقانہ سیاست بے نقاب ہو چکی ہے، ارکان سندھ اسمبلی

## مولانا یوسف لدھیانوی کے قتل میں متحدہ کو ملوث کرنے پر جماعت اسلامی قوم سے معافی مانگے

کراچی ۔۔۔9، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مولانا یوسف لدھیانوی کے بہیمانہ قتل میں کالعدم مذہبی تنظیم کے دہشت گرد کی گرفتاری پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کی منافقانہ سیاست ایک مرتبہ پھر بے نقاب ہو گئی ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے ہمیشہ ہر واقعہ کی ذمہ داری ایم کیو ایم پر عائد کر کے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی اور مولانا یوسف لدھیانوی کے اصل قاتلوں کو بچانے کیلئے اس قتل میں نہ صرف ایم کیو ایم کو ملوث کیا بلکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن پر حملہ کر کے اس ادارے کی ایمبولینسوں کو نذر آتش بھی کیا۔انہوں نے کہا کہ مولانا یوسف لدھیانوی کے قتل میں کالعدم مذہبی تنظیم کے دہشت گرد کی گرفتاری سے یہ بات ایک مرتبہ پھر کھل کر سامنے آ گئی ہے کہ ایم کیو ایم کے خلاف جماعت اسلامی کے الزامات قطعی جھوٹے اور بے بنیاد ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی منافقانہ طرز سیاست ترک کر دے اور مولانا یوسف لدھیانوی کے قتل میں متحدہ کو ملوث کرنے پر قوم سے معافی مانگے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت طبی و بلڈ ڈونیشن کیمپوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے

## گزشتہ روز اورنگی ٹاؤن اور گلشن معمار اسکیم 33 کے علاقوں میں کیمپوں کا انعقاد کیا گیا، مجموعی طور پر 3120 مریضوں نے استفادہ کیا سینکڑوں افراد نے خون کے عطیات بھی دیئے

کراچی ۔۔۔9، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے زیر اہتمام شہر کے مختلف علاقوں میں طبی و بلڈ ڈونیشن کیمپوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے۔گزشتہ روز طبی و بلڈ ڈونیشن کیمپوں کا انعقاد اورنگی ٹاؤن اور گلشن معمار اسکیم 33 کے علاقوں میں کیا گیا جہاں ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی قطر اسپتال، سندھ گورنمنٹ نیو

کراچی اسپتال اور چلڈرن اسپتال کے ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان نے مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا اورانہیں بھاری مالیت کی ادویات مفت فراہم کیں۔طبی کیمپس صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک بغیر کسی وقفے کے جاری رہے اس دوران مجموعی طور پر 3120 مریضوں نے استفادہ کیا جبکہ سینکڑوں افراد نے خون کے عطیات بھی دیئے۔حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر نے اورنگی ٹاؤن میں لگائے گئے طبی وبلڈ ڈونیشن کیمپ کا دورہ کیا اورطبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔اس موقع پر مریضوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتے ہیں اوراسی فلسفے پر ایم کیوایم کے تمام منتخب نمائندگان ، ذمہ داران اور کارکنان عمل پیرا ہیں۔انہوں نے طبی کیمپ پر خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کرتے ہوئے ان کی انسانیت کی خدمت کے بے لوث جذبے کو سراہا۔اس موقع پر ایم کیوای میڈیکل ایڈ کمیٹی کے انچارج وارا کین بھی موجود تھے۔

## الطاف حسین 13 اگست کی شب مکا چوک پر مونومنٹ کا افتتاح کریں گے،رابطہ کمیٹی نے افتتاحی تقریب کے انتظامات کے لئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دیدی ہیں

کراچی۔۔۔9،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین 13 ، اگست 2009 بروز جمعرات کی شب مکا چوک عزیز آباد میں سٹی گورنمنٹ کے تحت بنائے گئے مونومنٹ کا افتتاح کریں گے اورافتتاحی تقریب کے شرکاء سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔افتتاحی تقریب کے انتظامات کے سلسلے میں رابطہ کمیٹی اورایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کا ایک اجلاس آج خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا جس میں ابطہ کمیٹی کے اراکین کنورخالد یونس، کیف الوریٰ، قاسم علی رضا، نیک محمد، ڈاکٹر نصرت،سیف یار خان، وسیم آفتاب نے بھی شرکت کی۔اجلاس میں مکا چوک کے افتتاحی پروگرام کیلئے مختلف کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئیں جن میں پنڈال کمیٹی، اسپیچ کمیٹی، الیکٹرک وساؤنڈ کمیٹی ، فوڈ کمیٹی ، ٹریفک کنٹرول کمیٹی اور دیگر کمیٹیاں شامل ہیں۔اجلاس سے رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد نے گفتگو کرتے ہوئے افتتاحی تقریب کے انتظامات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔

## ایم کیوایم پی پی اوسی اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی اورنگی ٹاؤن سیکٹر یوسی یونٹ 12 کے کارکن راشد کے والد طالب حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

☆☆☆☆☆